سوال

(1075) مردوں کے اختلاط میں عورت کا ڈرائیونگ کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا عورت کے لیے شہر کی سڑکوں پر کار چلانا جائز ہے، جبکہ شہر بڑا ہو اور اس کا دوسرے مرد ڈرائیوروں اور عورتوں کے ساتھ اختلاط بھی ہوتا ہو؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عورت کے لیے جائز نہیں ہے کہ شہروں کی سڑکوں پر کار چلائے، اور نہ ہی اس کے لیے یہ جائز ہے کہ دوسرے مرد ڈرائیوروں کے ساتھ گھلے ملے۔ کیونکہ اس میں اسے اپنا چہرہ یا اس کا کچھ حصہ بے حجاب کرنا پڑتا ہے اور غالبا کچھ بازو بھی عریاں ہو جاتے ہیں، جبکہ یہ اس کے لیے ستر اور قابل حجاب ہیں۔ اور اس لیے بھی کہ اس کا اجنبی مردوں کے ساتھ گھلنا ملنا فتنے اور فساد کو جنم دے سکتا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 757

محدث فتویٰ